ترجمہ: ''اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا۔'' (القرآن)

# فیصل آباد
## سہ ماہی
# واسا نیوز

جلد سوم
شمارہ نمبر 9

**جنوری تا مارچ 2017ء**















## ﴿القرآن﴾

اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہ جنت والے ہیں انہیں ہمیشہ اس میں رہنا ہے۔ (البقرۃ 82)

## ﴿حدیث مبارک﴾

اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔( صحیح بخاری حدیث نمبر 53)

## ﴿فرمانِ قائد﴾

میں آپ کو یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ کے ضمیر سے بڑھ کر کوئی شے نہیں اور جب آپ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہوں تو آپ کہہ سکیں کہ آپ نے اپنے فرائض پوری ایمانداری، وفاداری اور ضمیر کی آواز کے مطابق ادا کئے ہیں۔

(سبی بلوچستان میں سول آفیسرز سے خطاب 1948ء)

## ﴿فکرِ اقبال﴾

خودی کے ساز میں ہے عمرِ جاوداں کا سُراغ<br>
خودی کے سوز سے روشن ہیں اُمّتوں کے چراغ



**فقیر محمد چوہدری**

مینجنگ ڈائریکٹر واسا/

سرپرستِ اعلیٰ



**عدنان نثار خان**

ایڈیٹر انچیف



سید ہاشم گیلانی ایڈیٹر واسا نیوز فیصل آباد


**ایڈریس**

پوسٹ بکس نمبر 229 فیصل آباد

رابطہ نمبر 041-9210065, 0313-7201020

ای میل editorwasanews@yahoo.com


# واسا کی ذمہ داریاں

فیصل آباد دریائے چناب اور دریائے راوی کے درمیان ایک زرعی اور صنعتی شہر ہے۔ صنعت وحرفت سے وابستہ افراد تیزی کے ساتھ کاروباری وابستگیوں کی وجہ سے شہر فیصل آباد کا رُخ کر رہے ہیں اور اس طرح اس شہر کی آبادی کا پھیلاؤ سرعت سے بڑھتا جا رہا ہے۔ فیصل آباد کا زیرِ زمین پانی کھارا ہونے کے باوصف پینے کے قابل نہیں ہے۔ ان حالات میں واسا فیصل آباد کی بطور ادارہ ذمہ داریوں کا بوجھ بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ تاہم خوش آئیند بات یہ ہے کہ حکومتِ پنجاب وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کو پینے کے صاف پانی اور نکاسیٔ آب جیسی بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں واسا فیصل آباد اور بیرونی ڈونر ایجنسیوں کے اشتراک سے جاری ہونے والے فنی وتکنیکی عوامی مفاد کے منصوبوں میں خاطر خواہ تعاون اور حوصلہ افزائی کی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہے۔ شہر فیصل آباد میں صارفین کو بہتر سہولیات اور خدمات کی فراہمی کے لئے واسا فیصل آباد میں باصلاحیت اہلکاران اور عملے کی ٹیم اپنی استعداد کار کے مطابق روبہ عمل ہے۔

واسا فیصل آباد کی اعلیٰ قیادت کو اس حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کا بخوبی احساس ہے۔ لہٰذا فیصل آباد کی آبادی کے لحاظ سے واسا سروسز کا دائرہ کار بڑھایا جا رہا ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ پینے کے صاف پانی کے میگا پراجیکٹس کی تکمیل پر تیزی سے عملدر آمد کرتے ہوئے فرانچ فنڈڈ پراجیکٹ کا فیز-I الحمدللہ مکمل کر لیا گیا ہے۔ نیز شہر میں واسا سروسز اور انفراسٹرکچر کی مزید بہتر صورتحال کے لئے جائیکا جاپان کے مالی وفنی تعاون سے آئیندہ 20 سال کا ماسٹر پلان ترتیب دیا جا رہا ہے۔ واسا فیصل آباد اپنی ہنرمند ٹیم کی شبانہ روز محنت سے شہریوں کی خدمت کے جذبے سے سرشار فرائض کی ادائیگی میں مگن ہے اور اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اسی محنت کی بدولت بین الاقوامی معاون ایجنسیوں کا اس وقت بھرپور تعاون اسی پیشہ ورانہ کارکردگی پر اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بطور مینجنگ ڈائریکٹر واسا فیصل آباد مجھے کہنے دیجئے کہ جلد ہی واسا فیصل آباد اپنے معزز صارفین کو بہترین خدمات فراہم کرنے والے ادارے کی حیثیت سے پہنچانا جائے گا۔ میں یہاں اپنے شہر کے باسیوں سے بھی کہنا چاہتا ہوں کہ آئیں آگے بڑھیں اور اپنی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے واسا فیصل آباد کو عظیم تر فیصل آباد کا عظیم ادارہ بنانے کے مشن میں مل کر کام کریں نیز واسا کو واٹر اور سیوریج سروسز باہم پہنچانے کے لئے بڑے اخراجات کا سامنا رہتا ہے لہٰذا تمام شہریوں سے گذارش ہے کہ اپنے واسا کے بل بروقت ادا کریں تاکہ ہم مزید بہتر سے بہتر سہولتیں مہیا کریں۔

**فقیر محمد چوہدری**

مینجنگ ڈائریکٹر

# ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ

ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ کے منصوبے کو عملی شکل دینے کے لیئے ڈنمارک کے سفیر Ole Thonke کی وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے تفصیلی میٹنگ ہوئی۔ وزیر اعلیٰ نے ڈنمارک کی مالی معاونت سے منصوبہ شروع کرنے کی رسمی منظوری دیدی۔ معاہدے کے مطابق کل مجوزہ رقم کا 35% گرانٹ اور بقایا 65% حصہ ڈنمارک آسان قرضہ کی صورت میں دے گا۔ جبکہ منصوبے کی فزیبلٹی رپورٹ کی تیاری میں 5 کروڑ روپے گرانٹ کی مد سے خرچ ہوں گے۔ شہر کے مشرقی حصہ میں استعمال شدہ پانی کو کاشتکاری کے لئے قابل استعمال بنانے اور مدھوآنہ ڈرین کے ذریعے 90 کلومیٹر دور دریائے راوی پھینکنے ہوئے ماحولیاتی آلودگی سے بچاؤ کے اس منصوبے کو فزیبلٹی رپورٹ کی تیاری کے بعد عرصہ 2 سال میں مکمل کرلیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈینش سفیر کے مابین ہونے والی میٹنگ میں وزیر ہاؤسنگ ہارون بخاری، سیکرٹری ہاؤسنگ خرم آغا چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ جہانزیب خاں، ایم ڈی واسا فیصل آباد اور ڈینش سفارت خانہ کے ڈپٹی ہیڈ مشن جیک روگلڈ جیکبن نے بھی شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ کے اس بڑے منصوبے کی ڈیزائننگ اور غیر ملکی ڈونرز ایجنسی کا تعاون حاصل کرنے پر ایم ڈی واسا فیصل آباد کی کاوشوں کی تعریف کی گئی۔





# ڈنمارک وفد کا دورہ واسا فیصل آباد

ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ کے حوالے سے اشتراک عمل کا جائزہ لینے کے لیئے ڈنمارک کے وفد نے فزیبلٹی رپورٹ مرتب کرنے کی غرض سے واسا فیصل آباد کا دورہ کیا۔ ڈنمارک سفارت خانے کے ڈپٹی ہیڈ مشن مسٹر جیکب اور ڈنمارک کمرشل ایڈوائیزر اسلم پرویز کے دورہ ہیڈ آفس واسا فیصل آباد پر ایم ڈی واسا نے انہیں جی آیاں نوں کہا اور بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ فیصل آباد میں روزانہ 335 ملین گیلن ویسٹ واٹر جنریٹ/ پیدا ہوتا ہے۔ کثیر مقدار میں استعمال شدہ اس پانی کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کی بہت گنجائش موجود ہے۔ اس حوالے سے حکومت نے PC-I منظور کرلیا ہے۔ بعدازاں ڈینش وفد نے واسا آفیسرز کے ہمراہ چکیرہ ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کا سائٹ وزٹ کیا۔



## کنٹریکٹ ملازمین کی ریگولرائزیشن


واسافیصل آباد میں گریڈ 17 کے 3 کنٹریکٹ آفیسرز کو مستقل کر دیا گیا ہے مستقلی کے عمل کا جائزہ لینے والی ایڈیشنل ڈی جی ایف ڈی اے عامر عزیز، ڈائریکٹر ایڈمن جعفر حسین باجوہ، ڈائریکٹر فنانس اعظم ملک اور ایکسیئن پبلک ہیلتھ غلام نبی پر مشتمل کمیٹی نے چیئرمین کمیٹی ہذاایم پی اے الیاس انصاری اور وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان کی زیر صدارت اجلاس میں تینوں آفیسرز محمد عمران، شاہد پاشا اور حافظ محمد معین الدین کی دوران کنٹریکٹ ملازمت کارکردگی اور HEC سے اکیڈمک ریکارڈ کی تصدیق کے بعد مستقل کرنے کی منظوری اتفاق رائے سے دی۔


## چائنہ وفد واسا وزٹ

چائنیز کمپنی ہواچی ٹیک کے 7 رکنی وفد نے مسٹر فریڈوو (Fred Wu) کی زیر قیادت پانی کے حوالے سے منصوبہ جات میں انوسٹمنٹ سکوپ کا جائزہ لینے کی غرض سے واسا فیصل آباد کا دورہ کیا۔ ڈائریکٹر واٹر کیپٹن محمد حفیظ نے واٹر اور ویسٹ واٹر کے حوالے سے مستقبل کے منصوبوں کے متعلق بریف کرتے ہوئے بتایا کہ کئی عظیم منصوبے مکمل ہونے کے باوجود آج بھی شہر میں 50 ملین گیلن پانی کی کمی ہے، جس کو جلد پورا کرنے کے لیے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ اسی طرح ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ سیکٹر میں ویسٹ واٹر کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے مزید کئی منصوبوں کی گنجائش موجود ہے۔ مسٹر فریڈوو کی قیادت میں وفد کے ارکان نے چکیرہ ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ سمیت دیگر سائٹس کا بھی دورہ کیا۔

## سیمینار برائے واٹر ٹریٹمنٹ

ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ اور صاف پانی کی اہمیت نیز انسانی ضرورت کے حوالے سے واسا فیصل آباد کے زیر اہتمام انجینئرز کے لئے سیمینار میں ڈائریکٹر واٹر کیپٹن (ر) محمد حفیظ نے پانی میں آلودگی اور اس سے پیدا ہونے والی بیماریوں اور پیچیدگیوں سے آگاہ کیا۔ ڈائریکٹر واٹر نے کہا کہ انسانی صحت کے لیے پانی نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اور ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ شہریوں کو فراہم کیے جانے والے پانی میں آرسینک (سنکھیا) اور دیگر دھاتوں کی مقدار حد سے متجاوز نہ ہونے پائے۔ کیونکہ اس سے انسانی صحت پر بہت سے مضر اثرات اور پیچیدگیاں وقوع پذیر ہوسکتی ہیں۔ نیز پانی میں معدنیات کی زیادتی بھی کینسر کے پھیلاؤ کا ایک سبب بن سکتی ہے۔ استعمال شدہ پانی کو صاف کرنے کے لیے ٹریٹمنٹ پلانٹس لگائے جانے نہایت ضروری ہو چکے ہیں۔ اس مقصد کے لیے پانی کے تالابوں اور ڈرینز میں چھوٹے پودے لگا کر پانی صاف کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے واسا انجینئرز کو اس حوالے سے نئے آئیڈیاز کے ساتھ ریسرچ کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پانی میں آلودگی کی نوعیت اور اسباب جان کر ہی ٹریٹمنٹ کے اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔ اجلاس میں واسا کی طرف سے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ چکیرہ کی کارکردگی اور پینے کے صاف پانی کی روزانہ لیبارٹری ٹیسٹنگ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے بہتر سے بہترین نتائج کے حصول کا عزم کیا گیا۔






# 22مارچ — پانی کا عالمی دن

22مارچ کو بطور پانی کا عالمی دن بین الاقوامی طور پر منایا جاتا ہے۔ ماہرین کے خیال میں پانی کی ضرورت واہمیت اور تیزی سے بڑھتی قلت کے پیش نظر آئندہ اقوام عالم میں جنگیں تک اسی مسئلے پر ہوں گی۔ لہٰذا22مارچ کو عالمی یومِ آب کے حوالے سے منانے کا مقصد پانی کی کمی اور کفایت شعاری سے استعمال سے متعلق شعور اور آگاہی کی بیداری مہم کا حصہ ہے۔ عالمی سطح پر WHY WASTE WATER?(پانی کا ضیاع کیوں؟ )اس سال کا تھیم قرار دیا گیا۔ واسا فیصل آباد نے اسی تناظر میں شعور اور آگاہی کے لیے مین آفس میں پانی کی اہمیت وافادیت کے زیرِ عنوان سیمینار کا انعقاد کیا۔ جس کے اختتام پر وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان کی زیرِ قیادت واک کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں شرکاء نے واٹر ڈے کے حوالے سے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر پانی کی اہمیت کے پیغام کی عوام تک ترسیل کی۔ اس موقع پر وائس چیئرمین واسا میاں عرفان عرفان منان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر پانی کی کمی کے مسئلے کو موثر طریقے سے اُجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ دنیا بھر میں میٹھے پانی کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں۔ اس لیے ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کے لیے اس قیمتی متاع کو ضیاع سے بچانے کے لیے شعور بیدار کرنا ہوگا۔ ایم ڈی واسا نے ورلڈ واٹر ڈے کے حوالے سے کہا کہ دیگر ممالک کی طرح پاکستان کو بھی پانی کی کمی کا مسئلہ درپیش ہے۔ اس حوالے سے جہاں واسا شہریوں کو روزانہ ضروریات کے لیے پانی کی فراہمی میں اضافہ کے لیے کوشاں ہے، وہاں صارفین کو بھی پانی کے استعمال کے حوالے سے محتاط ہونا چاہیے تاکہ شفاف پینے کا پانی زیادہ لوگوں کی رسائی میں آ سکے۔ صارفین کو پانی کے استعمال میں اپنی عادات پر غور وفکر کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ واسا پہلے ہی عالمی سطح پر اس سال دیئے گئے واٹر تھیم پر عمل پیرا ہے۔ اور ویسٹ واٹر کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے عزم پر قائم ہے۔ شہر کے ایک حصے پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کام کر رہا ہے جبکہ دوسرے حصے میں جلد ڈونر ایجنسیوں کے تعاون سے منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے دنیا بھر میں پانی کی افادیت کے پیش نظر پانی کا عالمی دن منانے کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے نہ صرف لوگوں کا شعور بیدار کرنے میں مدد ملے گی بلکہ یہ وقت کی ضرورت بھی ہے۔








# ماسٹر پلان میٹنگ

واسا ماسٹر پلان کے حوالے سے فقیر محمد چوہدری مینجنگ ڈائریکٹر واسا فیصل آباد کی زیرِ صدارت جائیکا واسا ورکنگ گروپ میٹنگ میں مسٹر تاکاشی ہوشینو، مسٹر گاوا، مسٹر ڈائرکو، مسٹر ساتو، مسٹر ساکائی، سیوریج اینڈ ڈرینج پلانر مسٹر ہیروتوشی اور مس ٹاکامیزاوا پر مشتمل ٹیم نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ شہریوں سے متعلقہ کوائف کے حصول کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ اور اب اگلے مرحلے میں 2038ء تک کی پلاننگ کا عمل دسمبر 2017ء تک مکمل کر لیا جائے گا۔ جائیکا ٹیم کی زیرِ نگرانی 2017ء میں پائلٹ ایریا ایکٹیوٹی کے لیے علاقے کا انتخاب کر لیا گیا ہے۔ جہاں 24 گھنٹے بلا تعطل پانی کی فراہمی دی جائے گی۔ ایم ڈی واسا نے مطلوبہ ٹاسک ہر صورت بروقت یقینی بنانے کی ہدایت جاری کیں۔ وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان نے اس موقع پر واسا فیصل آباد کی پیشہ وارانہ کارگردگی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے غیر ملکی ڈونر ایجنسیوں کو اس اعتماد کا ثبوت قرار دیا۔ اجلاس کے شرکاء نے ایم۔ڈی واسا کے آئیڈیاز اور انتظامی صلاحیتوں سے منتخب کردہ ٹیم کو فرانس کے تعاون سے فراہمی آب کے میگا پراجیکٹس، جائیکا کی مالی وفنی امداد اور ورلڈ بنک کے تعاون کا ایک بڑا اور اہم سبب قرار دیا۔ میٹنگ میں AFD بنک کے حسن امتیاز پراچہ کی قیادت میں مسٹر مگنس ہولر اور مسٹریان ڈٹا سٹا پر مشتمل فرنچ ماہرین نے خصوصی شرکت کی۔




# تقریبِ تقسیم جائیکا ٹیکنیکل سامان/مشینری

جائیکا نے واسا کی استعداد کار میں اضافہ کے لیے جدید قیمتی مشینری فراہم کر دی ہے۔ جس کے استعمال سے واسا انجینئرز کی صلاحیتوں میں یقینی گرانقدر اضافہ ممکن ہو جائے گا۔ جدید تکنیکی سامان کے استعمال سے بغیر کھدائی زیرِ زمین پائپوں کی لوکیشن، لیکیج کے مقام اور نوعیت کا پتہ لگانا ممکن ہوگا۔ مزید برآں سیوریج مین ہولز کی صفائی سے قبل زہریلی گیسوں کا سراغ بھی لگایا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے ڈی ایم ڈی (سروسز) وسیم احمد ہاشمی کی زیرِ صدارت تقریب حوالگی سامان منعقد ہوئی۔ جس میں متعلقہ شعبہ جات اور آفیسر انچارج ایسٹ اور ویسٹ زون میں سامان تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی ایم ڈی (سروسز) نے سامان کے متعلق بریفنگ میں بتایا کہ اس سامان میں لیکیج ڈی ٹکٹر، گیس ڈی ٹیکٹر، پریشر گیج، پریشر ریکارڈر، میٹل پائپ لوکیٹر، ڈسٹنس میٹرز اور میٹل ڈی ٹیکٹرز شامل ہیں۔ جس سے نا صرف واسا کی آپریشنل کارگردگی بہتر بنانے میں مدد ملے گی بلکہ شہریوں کی شکایات کو بھی بروقت حل کرنے میں مدد ملے گی۔





# خبریات

ایڈیشنل ڈائریکٹر سول سروس اکیڈمی محمد فاروق کی سربراہی میں فیصل آباد کے مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے سول سروس اکیڈمی والٹن لاہور میں 44ویں کامن ٹریننگ میں شامل آرمڈ فورسز کے آٹھ رکنی وفد کو ڈی ایم ڈی واسا نے سیوریج اینڈ ڈرینج کے مسائل، ان کے حل اور واسا کی سروسز کے دائرہ کار کو بڑھانے کے متعلق بریفینگ دی۔ وفد کو جائیکا کی مدد سے پلاننگ کے عمل اور فرنچ واٹر سپلائی پراجیکٹ سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد 7ارب روپے سے فیز ٹو کا بھی آغاز کیا رہا ہے۔ فزیبلٹی رپورٹ کی تکمیل کے بعد جلد ہی اسی پر کام شروع کر دیا جائے گا۔

★

ایم ڈی واسا کی زیر صدارت واسا کی سالانہ ترقیاتی اسکیموں کی پراگریس ریویو میٹینگ میں مختلف منصوبوں کی بروقت تکمیل کو شہری مفاد میں مقدم رکھتے ہوئے یقینی بنائے جانے کے احکامات دیئے گئے نیز ترقیاتی کاموں کی کوالٹی ہر حال میں برقرار رکھنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ ایم ڈی واسا نے کہا کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی خاطر خواہ فراہمی اور نکاسی آب کے مسائل کے پائیدار حل کے لیے واسا کے افسران اور عملے کو ٹیم ورک کی صورت میں کام کرنا ہوگا۔ ادارے کی طرف سے مہیا کی جانے والی سروسز کا معیار بہتر سے بہترین بنانے میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی جائے۔



# واسا باٹل واٹر کا اعزاز

پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی اور پنجاب فوڈ اتھارٹی نے واسا فیصل آباد کی طرف سے متعارف کروائی گئی پینے کے پانی کی بوتل میں موجود پانی کو انسانی صحت کے لئے مکمل موزوں قرار دیا ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی معائنہ ٹیم نے گذشتہ دنوں واسا محفوظ پانی کے بوٹلنگ پلانٹ کا تجزیاتی دورہ کیا اور بعدازمعائنہ WHO کی گائیڈ لائن کے مطابق بہترین قرار دیا۔ علاوہ ازیں پنجاب فوڈ اتھارٹی نے واسا کی ریگولر واٹر سپلائی نیٹ ورک کے مختلف مقامات سے 23 نمونہ جات لئے اور انہیں بھی انسانی صحت کے لیے مکمل فٹ قرار دیا۔

# ڈی سلٹنگ مہم

واسا فیصل آباد کی طرف سے موسم کی تبدیلی کے ساتھ سیور لائنوں اور ڈرینز کی صفائی کا عمل شروع کر دیا گیا۔ ایم ڈی واسا کی زیر ہدایت یہ ڈی سلٹنگ مہم ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر وسیم احمد ہاشمی کی زیر نگرانی تکمیل تک پہنچائی گئی۔ سرد موسم کے خاتمہ پر شروع کی گئی اس ڈی سلٹنگ مہم میں واسا کی مین پاور کے ساتھ ساتھ بھاری مشینری کا استعمال عمل میں لایا گیا ہے۔ سیور لائنز اور ڈرینز کی صفائی سے گرمیوں کے موسم میں سیوریج اوورفلو کی شکایات میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے۔



واسا صارفین سروے کی پراگریس کے لیے جائزہ میٹنگ ڈائریکٹر واسا زاہد پرویز، شعیب رشید، ڈپٹی ڈائریکٹر فرحان، ملک اقبال اربن یونٹ اور GATT کے نمائندوں نے شرکت کی۔



# موسمِ برسات کے لئے
# واسا ریسکیو/شکایت مراکز



موسمِ برسات میں بارشوں کے دوران ہنگامی صورتِ حال سے نمٹنے کے لئے واسا نے ڈسپوزل اسٹیشنوں کی استعداد میں اضافہ جنریٹرز کی تنصیب، سیور لائنوں اور کھلے نالوں کی صفائی کا کام مکمل کرلیا ہے۔

## یہ شکایات مراکز برسات کے دوران 24 گھنٹے کھلے رہیں گے

WhatsApp #
0321-9991334

ڈپٹی ڈائریکٹر (CRC)/ انچارج مون سون کنٹرول روم (MCR) واسا ٹول فری نمبر **1334**

### او اینڈ ایم ڈائریکٹوریٹ (ایسٹ)

| نمبر شمار | نام آفیسر انچارج شکایت سنٹر | موبائل فون نمبر | ٹیلی فون نمبر |
|---|---|---|---|
| (۱) | مخدوم بابر، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایسٹ) | 0336-8880261 | 9220058 |

### او اینڈ ایم ڈائریکٹوریٹ (ویسٹ)

| نمبر شمار | نام آفیسر انچارج شکایت سنٹر | موبائل فون نمبر | ٹیلی فون نمبر |
|---|---|---|---|
| (۱) | بلال بشیر، ڈپٹی ڈائریکٹر (ویسٹ) | 0336-8880180 | 9200785 |

## یہ شکایات مراکز دفتری اوقات کار میں کھلے رہیں گے

| | | | |
|---|---|---|---|
| | **پیپلز کالونی سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ایسٹ** | | |
| (۱) | مظفر عثمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر | 0336-8880297 | 9220057 |
| (۲) | محمد جاوید، سب انجینئر، ٹینکی نمبر 1 | 0336-8880514 | |
| (۳) | محمد عثمان، سب انجینئر، بابر چوک ٹینکی | 0336-8880253 | |
| | **سمن آباد سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ایسٹ** | | |
| (۱) | نعیم محی الدین، اسسٹنٹ ڈائریکٹر | 0336-8880254 | 9220054 |
| (۲) | محمد اویس، سب انجینئر، چڑہ منڈی ٹینکی | 0336-8880547 | |
| (۳) | شبیر احمد، سب انجینئر، قادری چوک سمن آباد | 0336-8880545 | 2663161 |
| | **مدینہ ٹاؤن سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ایسٹ** | | |
| (۱) | ارشد علی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر | 0336-8880124 | 9220431 |
| (۲) | آصف شہزاد، سب انجینئر، بسم اللہ چوک ٹینکی | 0336-8880486 | |
| (۳) | حافظ محمد فہیم، سب انجینئر، منصورہ آباد ڈسپوزل | 0336-8880250 | 8503620 |
| | **علامہ اقبال سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ایسٹ** | | |
| (۱) | نعیم محی الدین، اسسٹنٹ ڈائریکٹر | 0336-8880254 | |
| (۲) | عرفان یونس، سب انجینئر، علامہ اقبال کالونی | 0336-8880292 | |
| (۳) | علی حسن، سب انجینئر، فوارہ چوک ٹینکی | 0336-8880477 | 9220050 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | **سول لائنز/گلستان کالونی سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ویسٹ** | | |
| (۱) | محمد ریاض، اسسٹنٹ ڈائریکٹر | 0336-8880281 | 9210067 |
| (۲) | احمد گل، سب انجینئر، کھلے والی ٹینکی | 0336-8880369 | 9210222 |
| (۳) | محمد اویس علی، سب انجینئر، شادمان ڈسپوزل | 0336-8880122 | |
| (۴) | محمد نعمان، سب انجینئر، اسلام نگر ٹینکی | 0336-8880568 | 9201159 |
| | **گلبرگ سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ویسٹ** | | |
| (۱) | فرخ صغیر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، جناح کالونی | 0336-8880290 | 9200365 |
| (۲) | تصور شہزاد، سب انجینئر، جناح کالونی و کارخانہ بازار ٹینکی | 0336-8880341 | |
| (۳) | محمد وقاص، سب انجینئر، جھنگ روڈ ڈسپوزل | 0336-8880544 | 2658939 |
| (۴) | مرزا اویس، سب انجینئر، گلفشاں ٹینکی/حمید پارک | 0336-8880342 | |
| (۵) | محمد وقاص، سب انجینئر، گلبرگ | 0336-8880544 | |
| | **غلام محمد آباد سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ویسٹ** | | |
| (۱) | محمد خالد خاں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر | 0336-8880195 | 2690650 |
| (۲) | عمر فاروق، سب انجینئر، چوہڑ ماجرہ ٹینکی | 0336-8880298 | |
| (۳) | محمد ذیشان، سب انجینئر، کنک بستی ٹینکی | 0336-8880343 | |
| (۴) | تصدق گلشن کالونی ڈسپوزل | 0336-8880249 | |
| | **ملت ٹاؤن سب ڈویژن (او اینڈ ایم) ویسٹ** | | |
| (۱) | فضل کریم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ملت ٹاؤن | 0336-8880282 | |
| (۲) | تصور شہزاد، سب انجینئر، نور پور سنٹر | 0336-8880341 | |
| (۳) | محمد کاشف، سب انجینئر، جوہر کالونی | 0336-8880483 | |

## ایمرجنسی کیمپس

برسات میں بارشوں کے دوران عوام کی سہولت کے لئے شہر کے مختلف مقامات پر ایمرجنسی کیمپ لگا دیئے گئے ہیں۔

### صارفین سے اپیل

- گٹروں اور کھلے نالوں میں کوڑا کرکٹ نہ پھینکیں
- پینے کے لئے پانی اُبال کر استعمال کریں
- برسات میں کھدائی سے اجتناب کریں
- تہہ خانوں کے لئے ڈرینج کا مناسب بندوبست رکھیں

شعبہ تعلقاتِ عامہ
**واسا فیصل آباد**

آپ کا تعاون معیاری سروسز کی ضمانت